Code: A-H323104-UI Std. X Date:	**FIRST SEMESTER EXAM. - 2022-23** **Sub.: History & Political Science (Set I)** Roll No. _______	3 x 1320 Marks: 40 Time: 2 Hrs.

[3] **سوال نمبرا (الف):- ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ لکھیے۔**

(۱) مہاراشٹر کا اوّلین کیرتن کار .... کو کہا جاتا ہے۔

(i) سنت گیانیشور (ii) سنت تکارام
(iii) سنت نام دیو (iv) سنت ایکناتھ

(۲) دُنیا کا سب سے قدیم عجائب گھر .... شہر کی کھدائی کے دوران دریافت ہوا۔

(i) دِلّی (ii) ہڑپا
(iii) اُر (iv) کولکاتا

(۳) ''آرکیالوجی آف نالج'' نامی کتاب .... نے لکھی۔

(i) کارل مارکس (ii) مائیکل فوکو
(iii) لوسیاں فیبر (iv) والٹیئر

[3] **(ب):- مندرجہ ذیل میں سے ہر گروپ میں غلط جوڑی پہچان کر لکھیے۔**

(۱)

الف	ب
(۱) کیسری	- بال گنگا دھر تلک
(۲) دَرپن	- بال شاستری جامبھیکر
(۳) پربھاکر	- اچاریہ پی۔کے۔اترے
(۴) دین بندھو	- کرشن راؤ بھالیکر

(۲)

الف	ب
(۱) قطب مینار	- مہرولی
(۲) گول گنبد	- بیجاپور
(۳) چھترپتی شیواجی مہاراج ریلوے اسٹیشن	- دِلّی
(۴) تاج محل	- آگرہ

(۳)

الف	ب
(۱) ہُو وَرد شودراز	- محروموں کی تاریخ
(۲) استری پُرش تلنا	- نسائی
(۳) دی انڈین وار آف انڈی پنڈنس 1857ء	- مارکس وادی تاریخ
(۴) گرینڈ ڈَف	- نوآبادکاروں کی تاریخ

سوال نمبر۲ (الف):- درج ذیل تصوراتی خاکہ مکمل کیجیے۔ (کوئی دو) [4]

(۱)



(۲)



(۳)

(ب):- درج ذیل تصورات کی وضاحت کیجیے۔ (کوئی دو) [4]

(۱) محروموں کی تاریخ (۲) تفریح کی ضرورت (۳) اطلاقی تاریخ

سوال نمبر۳ :- مندرجہ ذیل بیانات کی وجوہات کے ساتھ وضاحت کیجیے۔ (کوئی دو) [4]

(۱) کھلونوں کے ذریعے تاریخ پر روشنی پڑتی ہے۔ (۲) اخبارات کو تاریخ مضمون کی ضرورت درپیش ہوتی ہے۔

(۳) چتر کتھا جیسی مٹتی ہوئی روایتوں کو دوبارہ زندہ کرنا ضروری ہے۔

(۴) یونیسکو کی جانب سے عالمی ورثے کے مستحق مقامات، روایات کی فہرست شائع کی جاتی ہے۔

سوال نمبر۴ :- درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے دی گئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔ [4]

قدیم بھارت سے موجودہ زمانے تک تاریخ پر مبنی دُوردرشن پر نشر کیا جانے والا بھارت ایک کھوج سیریل اہم ہے۔ یہ سیریل پنڈت جواہر لعل نہرو کی کتاب 'ڈسکوری آف انڈیا' پر مبنی تھا۔ ہدایت کار شام بینگل کے اس سیریل نے زمانۂ قدیم سے عہدِ حاضر تک کی سماجی، تہذیبی اور سیاسی تاریخ پیش کی۔ مفصل تحقیق اور پیش کش کی وجہ سے یہ سیریل مقبول ہوا۔

اس سیریل کے ذریعے ہڑپا کی تہذیب، ویدک دور، رامائن، مہابھارت کی تفصیل، عہدِ موریا، ترک، افغان اور مغلوں کے حملے، مغلیہ دور اور مغل بادشاہوں کے کارنامے، بھکتی تحریک، چھترپتی شیواجی مہاراج کے کارنامے سماجی اصلاحی تحریکیں اور آزادی کی جدوجہد جیسے کئی واقعات پیش کیے گئے ہیں۔

اس سیریل میں ناٹک عوامی فنون اور اصلاحی معلومات کے ذریعے نہرو کا کردار سنبھالنے والا اداکار روشن سیٹھ ابتدائی کلمات اور تفصیلات پیش کرتا ہے۔ تاریخ کی جانب دیکھنے کا نہرو کا نظریہ اور مؤثر پیش کش کی وجہ سے یہ سیریل بھارت میں بہت مقبول ہوا۔

Khan's Academy

سوالات: (۱) پنڈت جواہر لال نہرو کی کس کتاب پر سیریل 'بھارت ایک کھوج' بنایا گیا؟ 1

(۲) سیریل بھارت ایک کھوج کے ہدایت کار کا نام لکھیے۔ 1

(۳) بھارت ایک کھوج سیریل میں کون سے واقعات پیش کیے گئے ہیں؟ 2

سوال نمبر ۵ :- درج ذیل کے مفصل جواب لکھیے۔ (کوئی دو) [6]

(۱) میدانی کھیل اور نشستی کھیل کے مابین فرق واضح کیجیے۔

(۲) واضح کیجیے کہ فن کے شعبے میں کون سے پیشہ ورانہ مواقع میسر ہیں؟

(۳) مارکس وادی تاریخ نویسی کی وضاحت کیجیے۔

(۴) جدید طریقۂ تاریخ نویسی کی چار اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

...... سیاسیات ......

سوال نمبر ۶ :- ذیل میں سے مناسب متبادل چن کر بیان کو دوبارہ لکھیے۔ [2]

(۱) نیشنل کانفرنس پارٹی کا تعلق ریاست .... سے ہے۔

(الف) اوڈیشا (ب) آسام (ج) بہار (د) جموں اور کشمیر

(۲) مہاراشٹر میں مقامی حکومتی اداروں میں خواتین کے لیے .... نشستیں محفوظ رکھی گئی ہیں۔

(الف) ٪ ۲۵ (ب) ٪ ۳۰ (ج) ٪ ۴۰ (د) ٪ ۵۰

سوال نمبر ۷ :- درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط، وجوہات کے ساتھ لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

(۱) دستور کسی زندہ دستاویز کی مانند ہوتا ہے۔

(۲) متحدہ محاذ حکومت سے عدم استحکام پیدا ہوتا ہے۔

(۳) مخصوص حالات میں الیکشن کمیشن کس حلقۂ انتخاب میں دوبارہ انتخابات کرواتا ہے۔

سوال نمبر ۸ (الف):- مندرجہ ذیل اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔ (کوئی ایک) [2]

(۱) قومی پارٹی (۲) انتخابی حلقوں کی تشکیلِ نو

(ب):- مندرجہ ذیل تصوراتی خاکے کو مکمل کیجیے۔ (کوئی ایک) [2]

(۱)



(۲)



سوال نمبر ۹ :- مختصر جواب لکھیے۔ (کوئی ایک) [2]

(۱) سماجی انصاف قائم کرنے سے کیا مراد ہے؟

(۲) الیکشن کمیشن کے فرائض بیان کیجیے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆